LHR.

رول نمبر ---------- (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

2014

اردو (لازمی) 219 - (انٹر پارٹ-I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) **PAPER CODE = 6027** کل نمبر : 20

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | نوجوان کو حادثہ کس سڑک پر جاتے ہوئے پیش آیا: | (A) ڈیوس روڈ پر | (B) لارنس روڈ پر | (C) مال روڈ پر | (D) میکلوڈ روڈ پر |
| 2 | " میرا چاند آیا " ہے: | (A) تشبیہ | (B) تلمیح | (C) استعارہ | (D) مشبہ |
| 3 | " تلمیح " کے لفظی معنی ہیں: | (A) اشارہ کرنا | (B) ادھار دینا | (C) ہم شکل | (D) مانند قرار دینا |
| 4 | " کیا واقعی دنیا گول ہے؟ " کے مصنف کا نام ہے: | (A) پطرس بخاری | (B) مشتاق احمد یوسفی | (C) غلام عباس | (D) ابنِ انشا |
| 5 | قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کل کتنی کتب تھیں: | (A) ایک لاکھ | (B) ایک لاکھ سے زائد | (C) دو لاکھ سے زائد | (D) تین لاکھ |
| 6 | حضرت قمر کی بیوی کا نام کیا تھا: | (A) رضیہ | (B) سکینہ | (C) ہاجرہ | (D) سلمٰی |
| 7 | ارکانِ استعارہ کتنے ہیں: | (A) تین | (B) چار | (C) پانچ | (D) دو |
| 8 | تشبیہ ہے: | (A) میرا بیٹا آ گیا | (B) میرا شیر آ گیا | (C) میرا چاند سا بیٹا | (D) میرا ہیرا |

(ورق الٹیئے)

LHR.

لاہور پارٹ I 2019

رول نمبر ---------- (امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) — 219 - (انٹر پارٹ-I) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I ( انشائیہ طرز ) — ( پہلاگروپ ) — کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

وائے نادانی ! کہ تو محتاج ساقی ہو گیا — مے بھی تُو ، مینا بھی تُو ، ساقی بھی تُو ، محفل بھی تُو

شعلہ بن کر پھونک دے خاشاکِ غیراللہ کو — خوف باطل کیا کہ ہے غارت گرِ باطل بھی تُو

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 9,1

ڈرتا ہوں دیکھ کر دل بے آرزو کو میں — سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ، مہمان تو گیا

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں — لیکن اسے جتا تو دیا ، جان تو گیا

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا ، پر ہزار شکر — مجھ کو وہ میرے نام سے ، پہچان تو گیا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے : 10,3,1,1

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیزگاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ورق الٹئے)

LHR.

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) 219 - (انٹر پارٹ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 6026 کل نمبر : 20

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | ''بزم عدو میں صورت پروانہ دل میرا'' مشبہ کی نشاندہی کیجیے: | (A) دل | (B) بزم | (C) پروانہ | (D) صورت |
| 2 | ادات تشبیہ کہتے ہیں: | (A) طرفین تشبیہ کو | (B) حروف تشبیہ کو | (C) مشبہ کو | (D) غرض تشبیہ کو |
| 3 | فضل الباری کون تھے: | (A) وزیرِ تعلیم | (B) وزیرِ خزانہ | (C) وزیرِ خارجہ | (D) وزیرِ صحت |
| 4 | جس سے کسی کو تشبیہ دی جائے، کہلاتی ہے: | (A) مشبہ بہ | (B) مشبہ | (C) وجہ شبہ | (D) حرف تشبیہ |
| 5 | کہاں کا تھانیدار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا تھا: | (A) موچی دروازے کا | (B) جہانگیر آباد کا | (C) میرٹھ کا | (D) لاہوری دروازے کا |
| 6 | ''تختِ سلیمان'' ہے: | (A) استعارہ | (B) مشبہ | (C) تشبیہ | (D) تلمیح |
| 7 | اچھن کا باپ روزانہ بیڑیاں پیتا تھا: | (A) دو | (B) چار | (C) چھ | (D) آٹھ |
| 8 | قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتابیں تھیں: | (A) دولاکھ سے زائد | (B) دو لاکھ | (C) تین لاکھ سے زائد | (D) ڈیڑھ لاکھ |

( ورق الٹئے )

LHR.

رول نمبر ------------ (امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اُردو (لازمی) | 219 - (انٹرپارٹ-ا) | وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I ( انشائیہ طرز ) | ( دوسرا گروپ ) | کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں حق عیاں ہو جائے گا ، باطل نہاں ہو جائے گا

ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار ، راہ میں ہے

نہ بدرقہ ہے ، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے فقط عنایتِ پروردگار ، راہ میں ہے

سفر ہے شرط ، مسافر نواز بہتیرے ہزار ہا شجرِ سایہ دار ، راہ میں ہے

( حصہ دوم )

3- سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) نوجوان سِلک کے گلوبند کو کچھ اس ڈھب سے گلے پر لپیٹے رکھتا تھا کہ اس کا سارا سینہ چھپا رہتا تھا۔ اس کے جسم پر مَیل کی تہیں بھی خوب چڑھی ہوئی تھیں۔ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ کم سے کم پچھلے دو مہینے سے نہیں نہایا۔ البتہ گردن خوب صاف تھی اور اس پر ہلکا ہلکا پوڈر لگا ہوا تھا۔ سویٹر اور ٹائی کے بعد پتلون کی باری آئی۔ پتلون کو پیٹی کے بجائے ایک پرانی دھجی سے جو شاید کبھی نکٹائی ہوگی خوب کس کے باندھا گیا تھا۔

(ورق الٹیے)